حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 2 ہمدردی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3 قانون ادب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4 نظریۂ پاکستان کا مفہوم بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5 مصنف نے دیہات میں گھومنے کے شوق کی کیا وجہ بیان کی؟

سوال نمبر 6 کیمرے کا بانی کون ہے؟

سوال نمبر 7 میاں بیوی کی "اونہہ" کیسے فائدہ مند ہے؟

سوال نمبر 8 آپ برسات میں کیسے لطف اندوز ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 9 درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ نالاں۔ نیک دل۔ درد کی دوا۔ خوش الحانی

سوال نمبر 10 ساخت کے لحاظ سے غزل اور نظم کا فرق بتایئے۔

سوال نمبر 11 شام اور نام کے چار قوافی بیان کیجیے۔

سوال نمبر 12 درج ذیل الفاظ کی جمع لکھیے۔ دعا۔ عطا۔ خطا۔ مشتاق

سوال نمبر 13 دریائے کوسی کہاں واقع ہے؟

حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 14 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجیے۔

دیکھ! نادان، بے بس بچہ گہوارے میں سوتا ہے۔ اس کی مصیبت زدہ ماں اپنے دھندے میں لگی ہوئی ہے اور اس گہوارے کی ڈوری بھی ہلاتی جاتی ہے۔ ہاتھ کام میں اور دل بچے میں ہے۔

سوال نمبر 15 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح بحوالہ شاعر کیجیے۔

(الف) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر

(ب) جیوے، جیوے، جیوے پاکستان پاکستان، پاکستان، جیوے پاکستان

سوال نمبر 16 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

اخلاق نبوی ﷺ بوڑھی کاکی

سوال نمبر 17 اپنے دوست کو خط لکھیے جس میں کسی پکنک کا احوال درج ہو۔

سوال نمبر 18 مضمون لکھیے: تحریک پاکستان کی پسندیدہ شخصیت